امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس:١٦

عنوان: امام کی ضرورت

امامت کی ضرورت درج ذیل نکات کے ذریعہ محسوس کی جاسکتی ہے:

١۔ تشریح دین:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد دین کے بہت سے احکامات باقی رہ گئے تھے جو توضیح طلب تھے۔

٢۔ تعلیم اور تربیت:

انسان کو تعلیم اور تربیت کی ہمیشہ ضرورت رہتی ہے اسی لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اس ذمہ داری کو انجام دینے والے کی ضرورت ہے۔

٣۔ اختلافات کو دور کرنا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک کام یہ تھا کہ لوگوں کے درمیان اختلافات کو حل کریں لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بھی لوگوں کے درمیان عدالت کے ساتھ فیصلے کرنے والے کی ضرورت ہے۔

٤۔ دین الٰہی کی پاسداری:

ضروری ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بھی کوئی ایسا ہو کہ جو تعلیمات حقیقی کی حفاظت کرتا رہے، حق اور باطل کو جدا کرتا رہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غیر موجودگی میں اسلام کی پاسبانی کرے۔

٥۔ اتمام حجت:

اللہ نے اپنی حجت کے سلسلہ کو امامت کی شکل میں باقی رکھا تاکہ لوگون پر حجت تمام ہوتی رہے اور دلیل پوری ہو جائے اور قیامت کے دن کسی کے لئے کوئی اعتراض کی گنجائش باقی نہ رہے۔

٦۔ قاعدہ لطف:

علم کلام میں قاعدہ لطف یعنی خداوند عالم کی جانب سے ایسے کام کا انجام پانا کہ جسکی وجہ سے مکلّف کے اختیار کو بغیر سلب کئے ہوئے وہ اطاعت سے قریب ہو جائے اور معصیت سے دور ہو جائے۔

ImamSadiq.tv